Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۰ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۰ ربیع الاول ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۳ جون ۱۹۳۴ء

حصہ اول

احکام اجلاس یوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	عطائے حیثیت معافی ایک قطعہ آراضی تعدادی تیرہ بیگہ بارہ بسوہ پختہ واقع موضع سیدنگر پرگنہ حضور تحصیل	۲	(۲)	عطائے حیثیت معافی ایک قطعہ آراضی تعدادی پانچ بیگہ پختہ موضع چھرہ پرگنہ حضور تحصیل	۲

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار — واقع ۱۰ رجون ۱۹۳۲ء

ایک قطعہ آراضی تعدادی تیرہ بیگہ بارہ بسوہ پختہ واقع موضع سیدنگر ہیرو وپٹی پرگنہ حضور تحصیل موسومہ بنارسی داس جو بحکم اجلاس ہمایوں صادرہ ۲۰ راگست ۱۹۳۱ء ضبط ہوئی تھی۔ اس آراضی منضبطہ کے متعلق معروضات بنارسی داس باوقات مختلف مقرون ملاحظہ ہوئے۔ لہذا اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم ازراہ پرورش و رعایا نوازی آراضی مذکورہ بالا بحق لالہ بنارسی داس تاریخ امروزہ سے واگذاشت فرماتے ہیں۔ شرائط سابقہ متعلق آراضی مذکور برقرار رکھے جائیں اور مبلغ ... سالانہ لگان آراضی بدستور صیغہ مال کو ادا کرتے رہیں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ صاحب ریونیو منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل روبکار ہذا کی صاحب پولیس و ہوم منسٹر بہادر کے پاس بھیجی جائے اور ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

حسب الحکم
دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

حسب منشاء حکم صدر سے احکام جاری ہوں۔ ۱۰ رجون ۱۹۳۲ء
دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

روبکار — واقع ۱۰ رجون ۱۹۳۲ء

ایک قطعہ معافی موسومہ امداد حسین و احسن علی تعدادی پانچ بیگہ پختہ واقع موضع چھرہ پرگنہ حضور تحصیل جو بحکم اجلاس ہمایوں صادرہ ۴ راگست ۱۹۳۱ء ضبط ہوئی تھی اس معافی منضبطہ کے متعلق معروضات قابضان باوقات مختلف مقرون ملاحظہ ہوئے۔ چونکہ معافیداران کی جانب سے شرائط قیام معافی کی پابندی پائی جاتی ہے۔ لہذا اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم نے ازراہ پرورش و رعایا نوازی معافی مذکورہ بالا بحق قابضان (جن کے قبضہ سے ضبط ہوئی تھی) تاریخ امروزہ سے علیٰ حالہا واگذاشت فرمادی۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ صاحب ریونیو منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل روبکار ہذا کی صاحب پولیس و ہوم منسٹر بہادر کے پاس بھیجی جائے۔ اور ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

حسب الحکم
دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

حسب منشاء حکم صدر سے احکام جاری ہوں۔ ۱۰ رجون ۱۹۳۲ء
دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

اعلان

۱۹ر جون ۱۹۳۴ء کو ایسے واقعات رونما ہوئے جن سے نقص امن ہوا اور جس کے باعث ایک شخص ہلاک اور رعایا میں سے چند لوگ مجروح ہوئے۔ چند سرکاری ملازمین کے بھی خصوصاً صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس اور صاحب چیف مجسٹریٹ کے ضربات آئیں ان ناگوار واقعات کے ساتھ ہی شہر کی دوکانات اور کاروبار بند رہا۔ اس صورت حال کے باعث مجبوراً اور نہایت افسوس کیساتھ حکومت کو بذریعہ فوج شہر کا انتظام کرنیکی ضرورت محسوس ہوئی اور کرفیو آرڈر جاری کیا گیا مگر حکومت کا یہ منشا نہ تھا کہ ایسا طریقۂ انتظام عرصہ تک جاری رہے۔

اب معزز ممبران میونسپل بورڈ و دیگر عمائدین شہر نے اطمینان دلایا ہے کہ وہ باشندگان شہر کو پُر امن رہنے کی ترغیب دینگے اور مناسب تدابیر عمل میں لائینگے اور کوشش کرینگے کہ شہر میں شورش یا فساد نہو۔ کونسل کی رائے میں بھی شہر کی فضا نسبتاً پُر امن ہے لہذا شہر کا انتظام امن پھر سول محکمہ جات کے سپرد کیا گیا ہے اور فی الحال کچھ عرصہ کیلئے صرف اسقدر فوج شہر میں رکھی گئی ہے جو اتفاقاً ضروری ہو۔ کرفیو آرڈر بھی منسوخ کر دیا گیا ہے

۱۹ر جون ۱۹۳۴ء کے واقعات کے متعلق جو قتل اور اندرون کوتوالی رونما ہوئے ہیں آزادانہ تحقیقات کیجائیگی۔

کونسل انتظامیہ پبلک کو اس امر سے بھی آگاہ کر دینا چاہتی ہے کہ کونسل نے ابتک پبلک کی فلاح و بہبود کیلئے حسب ارشاد و ایمائے ہمایون مختلف تدابیر اور ذرائع اختیار کئے ہیں اور یہ مساعی آئندہ بھی برابر جاری رہینگی۔

پبلک رامپور سے اُمید کیجاتی ہے کہ حسب دستور قدیم وہ وفادارانہ اور پُر امن طریقہ پر عمل کریں گے۔ اور نقص امن یا فساد پیدا ہونے کا کوئی موقعہ پیش نہ آنے دینگے تاکہ گورنمنٹ کو شورش کی صورت پیدا ہو جانے پر پھر سختی کی کارروائی کرنے پر مجبور نہ ہونا پڑے۔

(دستخط مسٹر) مسعود الحسن

بیرسٹر ایٹ لا

پریسیڈنٹ کونسل انتظامیہ